وطن اور وطن سے دور بسنے والوں کی حقیقی اور مؤثر آواز
www.dailywatanvoice.com
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell:+923175526830
Daily WATAN VOICE Digital
روزنامہ
وطن وائس
ایڈیٹر: ارسلان معروف
چیف ایڈیٹر: چوہدری معروف حسین
جلد نمبر:2 ہفتہ 24 اکتوبر 2026، 12 جمادی الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 20 روپے شمارہ نمبر:6

پیپلز پارٹی کا پونچھ سدھنوتی ضمنی انتخاب کا مطالبہ مینڈیٹ کی واپسی کا عزم

مقبوضہ کشمیر میں جارحیت اور عوام دشمن اقدامات کی مذمت، پیپلز پارٹی کی تنظیم نو کیلئے قائم کمیٹی جلد آزاد کشمیر بھر کا دورہ کرے گی، سیاسی مصلحت اختیار نہیں کی جائے گی، فریال تالپور

راجہ پرویز اشرف، نیئر بخاری، ندیم افضل چن، چوہدری ریاض، چوہدری یاسین، فیصل ممتاز راٹھور، سردار یعقوب، روبینہ خالد، چوہدری پرویز اشرف، میاں وحید، ماجد خان قاسم مجید، بازل نقوی، مختار عباسی، سردار ضیاء القمر، ملک ظفر، فرزانہ یعقوب، زوبیہ خورشید راجہ، سردار احمد صغیر، فہیم اختر ربانی، سردار عابد حسین، عامر ذیشان جرال شریک تھے



اسلام آباد (خبر نگار) انچارج پی پی پی کشمیر افیرز فریال تالپور کی زیر صدارت پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی پارلیمانی پارٹی کی پونچھ ڈویژن کے تنظیمی عہدیداروں کا اہم اجلاس زرداری ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا، اجلاس میں راجہ پرویز اشرف سابق وزیر اعظم، مرکزی جنرل سیکریٹری پی پی پی سید نیر حسین بخاری، ندیم افضل چن، سینیٹر رخسانہ بنگش، صدر پی پی پی اوپنز یشن لیڈر چوہدری محمد یاسین، سابق وزیر اعظم راجہ فیصل ممتاز راٹھور، سابق وزیر اعظم سردار یعقوب خان، محترمہ روبینہ خالد چیئر پرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، سینیٹر رخسانہ بنگش، چوہدری پرویز اشرف، ممبران اسمبلی میاں عبد الوحید، عبد المجید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

بھارت آزاد کشمیر میں پرسندگروں کی پشت پناہی کر رہا ہے وزیر اعظم

ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کا معیار ان کی بروقت تکمیل اور عوام کو پہنچنے والے ثمرات ہیں، ہر منصوبے کی پیش رفت کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ مخلص وسائل درست انداز میں استعمال ہوں، وزیر اعظم

بھارتی قابض افواج کے مظالم اور کالے قوانین کے باعث خواتین کی عصمت دری، بچوں کی یتیمی، نوجوانوں کی معذوری اور ہزاروں کشمیریوں کو گمنام قبروں میں دفن کیے جانے جیسے دل خراش واقعات تاریخ کا حصہ بن چکے، کشمیری عوام ظلم و جبر کا سامنا کر رہے ہیں، وزیر اعظم

جنوبی ایشیا میں پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کا راستہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل سے ہو کر گزرتا ہے، عالمی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ کشمیری عوام کو حق خود ارادیت دلانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کرے، اداروں کو مضبوط، قومی اتحاد، آئین و قانون کی بالادستی یقینی بنائینگے، صدر آزاد کشمیر



اسلام آباد: صدر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے سابق سینیٹر ڈاکٹر جاوید لغاری ملاقات کر رہے ہیں

صدر ڈاکٹر نجیب نقی سے سابق سینیٹر جاوید لغاری کی ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) آزاد جموں و کشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے سابق سینیٹر اور بار ایکویشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

مظفر آباد (نمائندہ خصوصی) آزاد جموں و کشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب خان نے 24 اکتوبر یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ آج کا دن ہماری تاریخ میں محض ایک یادگار دن نہیں، بلکہ قربانی، عزم، حوصلے اور آزادی کے لیے ہمارے اسلاف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

مظفر آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ یوم تاسیس آزاد جموں و کشمیر کے موقع پر اُن عظیم رہنماؤں، مجاہدین، سیاسی کارکنوں اور شہداء کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے آزادی کی خاطر بے مثال جدوجہد کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)



فورسز کیساتھ کھڑی نہ ہونیوالی جماعت ماٹس ہوجائیگی، ذرا نا شناللہ

اسلام آباد: (اے ایف پی) وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ہے کہ کوئی سیاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

مظفر آباد، وزیر اعظم افتخار گیلانی اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں 20 کلو آٹے کا تھیلا بند، سمگلنگ روکنے کیلئے نگرانی کا حکم

مارکیٹ میں صرف 10 کلو بیگ فروخت ہوگا، وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس میں

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں 20 کلو آٹے کا تھیلا بند کرکے مارکیٹ میں صرف 10 کلو آٹے کا بیگ فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی ویڈیو لنک اجلاس ہوا، جس میں کمشنر اور ڈپٹی کمشنرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں اتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو گورنر ہیڈ کوارٹر پشاور میں پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی جارہی ہے

بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں جاری رکھیں گے، مارشل فیلڈ

دہشت گردوں کو ہر جگہ گھیر کر بھرپور ضرب لگائینگے، عوام کی حمایت سے امن دشمنوں کے گٹھ جوڑ کو شکست ہوگی، جنرل عاصم منیر

فورسز کو خطرات سے مؤثر طور پر نمٹنے کیلئے چوکس رہنے کی ہدایت، پاکستان کے عوام، شہداء اور سیکیورٹی فورسز کے نازیبا توہین آمیز خاکوں کی شدید مذمت

پشاور (خبر نگار) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے واضح کر دیا ہے کہ دہشت گرد جہاں بھی ہوں گے انہیں بھرپور ضرب لگائیں گے۔ پاک فوج فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو گورنر ہیڈ کوارٹر پشاور میں پختونخوا کی سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری اور دیگر اعلیٰ عسکری حکام بھی اجلاس میں شریک تھے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے زیر اہتمام سرمایہ کار کانفرنس

ایوارڈز تقسیم، سرمایہ کاروں کو سہولیات اور فوری مسائل کے حل کی یقین دہانی

سرمایہ کاروں کے اعتماد کو برقرار رکھنا اتھارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

اسلام آباد (خبر نگار) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کے زیر اہتمام سرمایہ کار کانفرنس کا انعقاد، کامیاب سرمایہ کاروں میں پلاٹ/پلاٹس لیٹرز (Acceptance Letters) اور ایوارڈز تقسیم، سرمایہ کاروں کو خصوصی سہولیات اور فوری مسائل کے حل کی یقین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مظفر آباد میں بہتری کیلئے اقدامات جاری نظام میں بہتری کیلئے اقدامات کے ٹریفک کے

مظفر آباد (خبر نگار) وزیر اعظم آزاد کشمیر کے احکامات کی روشنی میں مظفر آباد انتظامیہ کے ٹریفک کے نظام میں بہتری کیلئے اقدامات تیزی سے جاری۔ شہر کے مصروف ترین علاقے CMH مظفر آباد کے سامنے ریڈیو کالونی والی اراضی پارکنگ کیلئے حاصل کرلی۔ کنٹرولر مظفر آباد بدر منیر اور ڈپٹی کمشنر مظفر آباد عامر خالد انوار ان کی خصوصی کاوش سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

عبوری ایکٹ میں 16 ویں ترمیم کا فیصلہ چوہدری یاسین کی سربراہی میں کمیٹی قائم

مجوزہ ترامیم کی حمایت کا امکان، ترمیمی بل آئندہ ہفتے اسمبلی میں پیش کیے جانے کی توقع، پیپلز پارٹی کو بھی اعتماد میں لے لیا گیا

عبوری آئین ایکٹ میں مجوزہ ترامیم کے حوالے سیاسی جماعتوں کے درمیان مشاورت کے بعد آئینی عمل کو آگے بڑھایا جائے گا

مظفر آباد (خبر نگار) آزاد کشمیر کے عبوری آئین ایکٹ 1974 میں 16 ویں آئینی ترمیم لانے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے، جس کے حوالے سے پاکستان پیپلز پارٹی کو بھی اعتماد میں لے لیا گیا ہے۔ مجوزہ آئینی ترامیم پر غور اور پارٹی موقف مرتب کرنے کے لیے پیپلز پارٹی نے صدر جماعت وفاقہ حزب اختلاف چوہدری محمد یاسین کی سربراہی میں تین رکنی کمیٹی قائم کردی ہے۔ کمیٹی میں فیصل راٹھور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

مہاجرین 1989 کا 27 اکتوبر کو احتجاجی ریلی نکالنے کا

عالمی برادری کی توجہ مبذول کرائی جائے گی، او آئی سی سے عملی اقدامات کا مطالبہ

او آئی سی اجلاس میں جموں و کشمیر سے متعلق قرارداد کی منظوری کو خوش آئند قرار

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) مہاجرین نمائندہ فورم 1989 سے منقطعہ جموں و کشمیر میں بھارتی فورسز کی محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں، کشمیری مسافروں کو ہراساں کرنے اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) اور مسلم ممالک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت میں مؤثر اور عملی اقدامات کریں۔ فورم نے 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر منانے کا اعلان کرتے ہوئے اس روز برہان وانی چوک سے گھڑی پن چوک تک احتجاجی (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 10)

سیکرٹری اطلینڈ ریونیو کا ٹیکس دہندگان کیلئے خصوصی اقدام

مظفر آباد (خبر نگار) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر خصوصی ہدایت کی روشنی میں چیئرمین ٹیکس آزاد جموں و کشمیر سنٹرل بورڈ آف ریونیو/سیکرٹری اطلینڈ ریونیو نے ٹیکس دہندگان اور عام عوام کی سہولت، بروقت رہنمائی اور ٹیکس سے متعلق امور میں معاونت کے لیے بڑا اقدام اٹھایا ہے۔ سنٹرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری کردہ ایک مکتوب کے مطابق اطلینڈ ریونیو ناردھ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

وزیر توانائی ثاقب مجید کی تھیسار کشور رابطہ کی ملاقات اعلاقائی مسائل پر تبادلہ خیال

آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کو مزید فعال اور منظم بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق

عوامی مسائل کے حل اور عوامی خدمت کے عمل کو مؤثر بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی

پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر، عوامی رابطوں کو مضبوط بنا باہمی تعاون کے ساتھ آگے بڑھا جائیگا، کشور راجہ

مظفر آباد (خبر نگار) مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری خواتین ونگ کشور راجہ نے وزیر حکومت راجہ ثاقب مجید سے اہم ملاقات، جس میں آزاد کشمیر کے تنظیمی امور، علاقائی صورتحال اور عوامی مسائل سمیت مختلف امور زیر بحث آئے۔ ملاقات میں مسلم لیگ (ن) کی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے، عوامی رابطوں کو مضبوط کرنے اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے باہمی تعاون کے ساتھ آگے بڑھنے پر گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مسلم لیگ (ن) کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے ساتھ عوامی مسائل کے حل اور عوامی خدمت کے عمل کو مؤثر بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی



نیلم: وزیر جنگلات، وائلڈ لائف فشریز کرنل (ر) وقار احمد نور کوڈی الیف اوعبدالمناف کیانی آٹھ مقام میں فٹ ٹائم نرسری بارے بریفنگ دے رہے ہیں

کوالالمپور دہشتگردی کی کوشش ناکام، خاتون سمیت 10 دہشتگرد ہلاک

کلیدی آپریشن مکمل

کارروائیوں کے دوران چند گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا، تاہم سیکورٹی فورسز کا کوئی اہلکار شہید نہیں ہوا، آئی ایس پی آر

فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں

عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رکھنے کا عزم، بیرونی سرپرستی میں دہشت گردی کے خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری ہیں گی

راولپنڈی (خبر نگار) سیکورٹی فورسز نے خوارج میں دہشت گردی کی کوششیں ناکام بنانے ہوئے خاتون دہشت گرد سمیت 10 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا، جبکہ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک شہری شہید ہوگیا۔ کارروائیوں کے دوران چند گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا، تاہم سیکورٹی فورسز کا کوئی اہلکار شہید نہیں ہوا، آئی ایس پی آر کے مطابق 22 اکتوبر 2026 کو بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں نے ضلع گوادر میں گیلد بارڈر کراسنگ اور گوادر شہر کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرنے کی کوشش کی۔ سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنانے، شہریوں کی حفاظت اور علاقے کو کلیئر کرانے کے لیے کوارٹر شراور گوادر ڈوخ اس میں کلیئرنس آپریشن کیے۔ (باقی صفحہ 2 بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان کو ہجرہ یونیورسٹی اسلام آباد پہنچنے پر جامعہ کے منتظمین پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

پائیدار معاشی ترقی کیلئے سفارتکاری، عالمی شراکت داری اہمیت کی حامل، مسعود

سابق سفیر نے معاشی ترقی کیلئے سرمایہ کاری، عالمی شراکت داری اور مؤثر ادارہ جاتی روابط کی اہمیت اجاگر کیا

جامعات کو صنعتی شعبے میں مستقل شراکت سے تحقیق، سائنس علم، تکنیکی مہارت، تجرباتی مصنوعات، نئے کاروبار اور اسٹارٹ اپس میں تبدیل کیا جاسکتا ہے

نوجوانوں کو ملازمت کے تحفظ تک محدود رکھنے کے بجائے کاروبار، جدت اور سوچ سمجھ کر خطرات مول لینے کی حوصلہ افزائی کی جائے

سابق سفیر نے کہا کہ پاکستان کو ہجرہ یونیورسٹی اسلام آباد میں منعقدہ ایک سمٹ، ایکسپو اینڈ ایوارڈز 2026 کے دوران اکیڈمیا، مالیات اور صنعت کے درمیان روابط اور پاکستان میں کاروباری ماحول کی تشکیل کے موضوع پر مباحثے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی کے لیے اداروں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانا ناگزیر اداروں کے درمیان مؤثر روابط کلیدی اہمیت رکھتے ہیں۔ سردار مسعود خان نے ینگ اور دانشمند ممبران پارلیمنٹ پر مشتمل ایک پارلیمنٹری فورم کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ جدید سفارت کاری میں معاشی پالیسی کو بنیادی اہمیت حاصل ہوچکی ہے۔ امریکہ میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے تجارت، سرمایہ کاری، کاروبار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



میر پور: چیئر پرسن الفرقا فاؤنڈیشن رجسٹرڈ ثروت حبیب جرال و دیگر سلائی سینٹر کا افتتاح کر رہی ہیں


پاکستان مکمل تیار، اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے ترجمان دفتر خارجہ

افغانستان سے دہشتگردی پاکستان میں آرہی ہے، گزشتہ ایک سال میں 1360 پاکستانی دہشتگردی کی وجہ سے جان سے گئے

مکہ دفاعی معاہدے کی توسیع کا ہر ملک کا اپنا اپنا طریقہ کار، پاکستان، سعودی عرب اپنا طریقہ کار مکمل کر چکے ہیں، سجاد حیدر خان

پاکستان افغانستان کے ساتھ مذاکرات کے بھی شرمندہ نہیں ہوا، طالبان اور دیگر ممالک کو بھی افغان سرزمین پر دہشتگرد ہوں کی موجودگی پر تحفظات ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر خان نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی، پاکستان مکمل تیار ہے اور اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے۔ اسلام آباد میں نیوز بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان سے دہشتگردی پاکستان میں آرہی ہے، یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے، گزشتہ ایک سال میں 1360 پاکستانی اس دہشتگردی کی وجہ سے جان سے گئے۔ تمام مسائل اور جنتیں سفارت کاری کے ذریعے حل ہوتی ہیں، پاکستان کبھی افغانستان کے ساتھ سفارتکاری سے شرمندہ نہیں ہوا، ترجمان نے کہا کہ جینن، ازبکستان اور دیگر ممالک کو بھی افغانستان کے اندر دہشتگردوں کی موجودگی سے مسئلہ ہے، مکہ دفاعی معاہدے کی توسیع کا ہر ملک کا اپنا اپنا طریقہ کار ہے، پاکستان اور سعودی عرب اپنا طریقہ کار مکمل کر چکے ہیں، ترکیہ اپنی پارلیمنٹ سے اس کی توسیع کر رہا ہے، مکہ دفاعی معاہدے کا توسیع پر باہر آچکا ہے ہم اس کو انڈورس کر رہے ہیں، پاکستان عالمی برادری کا اہم رکن ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ مذاکرات میں شریک ہے، اسحاق ڈار نے مصر، ایران کے دورے کیے ہیں، اسحاق ڈار نے مصر اور ایران کے دورے کے بعد بھی رابطہ کیا، وزیر خارجہ اسحاق ڈار آج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)



میر پور: معروف کاروباری و سیاسی شخصیت چوہدری بشارت اسلم کشمیر پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

24 اکتوبر کشمیری قوم کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، شاہین ڈار

آزاد کشمیر کا یوم تاسیس تحریک آزادی کشمیر سے تجدید عہد کا دن ہے

مظفر آباد (نامہ نگار) سابق ڈپٹی اٹارنی جنرل آف پاکستان ساز اسمبلی محترمہ شاہین کوثر ڈار نے آزاد جموں و کشمیر کے 79 ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 24 اکتوبر کشمیری قوم کی تاریخ کا وہ اہم دن ہے، جو ہمیں اپنے اسلاف کی قربانیوں، جدوجہد اور حصول آزادی کے عزم کی یاد دلاتا ہے۔ یوم تاسیس اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ تحریک آزادی کشمیر کے عظیم مقصد کو آگے بڑھانے، ریاست کی تعمیر و ترقی، جمہوری اداروں کے استحکام اور عوام کی خوشحالی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کیا جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

24 اکتوبر، قربانیوں اور عزم آزادی کی علامت ہے، معمیہ ساجد

معرکہ حق کی کامیابی کے بعد کشمیری قوم کو تحریک آزادی کی کامیابی کا یقین ہے

مظفر آباد (نامہ نگار) چیئر پرسن کشمیر ویمن الرٹ فورم، مرکزی چیئر پرسن مسلم کانفرنس خواتین ونگ، سابق امیدوار اسمبلی فی الحال 6 اور سٹیئر اس ایوارڈ یافتہ محترمہ معمیہ ساجد نے 24 اکتوبر کے 79 ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 24 اکتوبر آزاد جموں و کشمیر کی تاریخ کا ایک اہم اور یادگار دن ہے، جو کشمیری عوام کے عزم، قربانیوں، سیاسی شعور اور آزادی کے لیے لازوال جدوجہد کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں ان عظیم شہداء اور نڈر بیٹیوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے آزادی، خودمختاری اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے بے مثال جدوجہد کی۔ آزاد جموں و کشمیر کا قیام کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کا ثمر ہے، جبکہ تحریک آزادی کشمیر آج بھی مکمل پاکستان، حق خود ارادیت اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

وطن اور وطن سے دور بسنے والوں کی حقیقی اور مؤثر آواز
Email:watanvoicedigital@gmail.com Cell:+923175526830
روزنامہ
Daily WATAN VOICE Digital
وطن وائس
چیف ایڈیٹر: چوہدری معروف حسین
ہفتہ 24 اکتوبر 2026

دنیا میں بڑھتی بے چینی

بڑھتی مہنگائی، خصوصاً بجلی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے، تعلیمی اداروں کے مسائل اور باؤنسنگ بحران کے خلاف فرانس میں شروع ہونے والے پرتشدد مظاہروں کے ساتھ دیگر یورپی ممالک میں بھی احتجاجی سرگرمیاں شدت اختیار کر گئی ہیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس کے علاوہ اٹلی اور البانیہ میں بھی مظاہرین سڑکوں پر نکل آئے، جبکہ پرتگال اور سپین میں مہنگائی اور رہائش بحران کے خلاف بڑے مظاہرے کیے گئے۔ بعض مقامات پر پولیس اور مظاہرین کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں، سرکاری و نجی املاک کو نقصان پہنچا اور متعدد افراد کو حراست میں لیا گیا۔ فرانسیسی وزارتِ داخلہ کے مطابق 17 اکتوبر کو ملک بھر میں ہونے والے مظاہروں میں تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ افراد شریک ہوئے۔ احتجاج کے دوران بعض مقامات پر توڑ پھوڑ، لوٹ مار اور پولیس سے جھڑپوں کے واقعات پیش آئے۔ مختلف شہروں میں گلوٹری برانڈز کی دکانوں، پیر مارکیٹوں، ملبوسات کی دکانوں، فارمیسیوں اور سرکاری عمارتوں کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ گاڑیوں کو آگ لگانے اور پولیس پر حملوں کی اطلاعات بھی سامنے آئیں۔ پیرس، مارسیلز، بورڈو اور لیون سمیت متعدد شہروں میں دکانوں کے شیشے توڑے گئے اور سامان لوٹا گیا۔ فرانسیسی شہر لیموژ میں تاریخی بلدیاتی عمارت کو آگ لگنے سے شدید نقصان پہنچا، جبکہ بعض تعلیمی ادارے بھی متاثر ہوئے۔ فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے پرتشدد واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ لوٹ مار کرنے والوں کو نقصان کی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی اور ریاستی اداروں پر حملوں میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ رائٹرز کے مطابق فرانس کے مختلف شہروں کے متاثرہ علاقوں میں جزوی کرفیو نافذ کیا گیا، حکام نے امن و امان برقرار رکھنے کے لئے پولیس کی نفری میں اضافے اور متاثرہ کاروباروں کو مالی معاونت فراہم کرنے کے اقدامات بھی کیے۔ 19 اکتوبر کی رپورٹ کے مطابق 2,500 افراد کو گرفتیش کے لئے حراست میں رکھا گیا جبکہ 149 افراد مقدمے کی کارروائی کے انتظار میں زیرِ حراست تھے۔ عدم میکرون نے وزیرِ داخلہ کے استعفیٰ دینے کی پیشکش کو مسترد کر کے انہیں اپنے فرائض انجام دیتے رہنے کی ہدایت کی۔

احتجاجی سرگرمیوں کا آغاز تعمیر میں پیرس کے شمالی نواحی علاقوں کے تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی اور سکولوں کی خراب سہولتوں کے خلاف ہونے والے مظاہروں سے ہوا تھا۔ بعد ازاں طلبہ، مزدور تنظیموں اور دیگر شہریوں کی شرکت سے یہ احتجاج وسیع تر ہوگیا اور اس میں مہنگائی اور توانائی کی بلند قیمتوں، عوامی خدمات سے متعلق معاشی مشکلات کے خلاف مطالبات بھی شامل ہو گئے۔ بڑھتے ہوئے توانائی اخراجات نے پہلے ہی کئی شعبوں کو متاثر کر رکھا ہے جبکہ فرانس کے سرکاری مالیاتی مسائل حکومت کے لئے عوام کو مزید معاشی رلیف دینے کی گنجائش محدود کر رہے ہیں۔ البانیہ میں بھی حکومت مخالف مظاہرے جاری ہیں۔ دارالحکومت ترانا میں طلبہ اور شہریوں نے بدعنوانی، روزگار کی کمی، تعلیمی معیار اور عوامی خدمات سے متعلق مسائل پر احتجاج کرتے ہوئے وزیرِ اعظم سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین کے دوران پولیس اور احتجاجی افراد کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ مظاہرین بدعنوانی کے خاتمے اور بنیادی سہولتوں کی بہتری کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اٹلی کے شہر میلان سمیت بعض دوسرے شہروں میں بھی مہنگائی، کم اجرتوں، تعلیم، صحت اور رہائش کے مسائل کے خلاف احتجاجی مظاہرے پرتشدد شکل اختیار کر گئے۔ میلان میں نقاب پوش مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپوں، دکانوں میں لوٹ مار اور املاک کو آگ لگانے کے واقعات پیش آئے۔ دوروز کے دوران 271 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ سیکورٹی کے 14 اہلکار زخمی ہوئے۔ شہر کے میئر نے پُرامن احتجاج کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے تشدد، لوٹ مار اور املاک کو نقصان پہنچانے کی مذمت کی۔ پرتگال کے دارالحکومت لزبن اور دوسرے بڑے شہر پورٹو میں بھی ہزاروں افراد نے بڑھتے کرایوں، رہائش کی عدم دستیابی، کم اجرتوں اور روزمرہ اخراجات کے خلاف مارچ کیا۔ بعض مظاہرین نے رہائشی بحران کی جانب توجہ دلانے کیلئے احتجاجی کیمپ لگائے۔ سپین کے دارالحکومت میڈرڈ میں بھی رہائش کے بڑھتے اخراجات کے خلاف احتجاجی کیمپ قائم کیے گئے، جبکہ اساتذہ نے بہتر تنخواہوں اور کام کے حالات کے لئے ہڑتال کی۔ مختلف ممالک میں اگرچہ احتجاج کی فوری وجوہات الگ الگ ہیں تاہم مہنگائی، رہائش، تعلیم اور عوامی خدمات سے متعلق مسائل نے عوامی بے چینی میں اضافہ کیا ہے۔

دنیا اس وقت شدید بے چینی اور اضطراب کی کیفیت سے گزر رہی ہے۔ یورپ کی سڑکوں پر ہونے والے مظاہرے محض مہنگائی یا رہائش کے بحران کے خلاف احتجاج نہیں بلکہ اس وسیع تر معاشی اور سماجی دباؤ کی علامت ہیں جس نے عام آدمی کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے۔ بجلی، پیٹرول، ڈیزل، خوراک اور رہائش کے اخراجات بڑھ رہے ہیں جبکہ بہت سے خاندانوں کی آمدن ان کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ناکافی ثابت ہو رہی ہے۔ تعلیم، صحت اور روزگار کے مسائل نے نوجوانوں سمیت معاشرے کے مختلف طبقات میں مستقبل کے بارے میں غیر یقینی کو بڑھا دیا ہے۔ اس صورتحال کو مزید پیچیدہ بنانے والا ایک اہم عنصر دنیا کے مختلف حصوں میں جاری جنگیں اور تنازعات ہیں۔ یہ جنگیں انسانی جانوں کے ضیاع اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی تک محدود نہیں بلکہ توانائی کی قیمتوں، تجارت، رسد اور سرمایہ کاری کو بُری طرح متاثر کر رہی ہیں جس کے نتیجے میں سبھی معیشتوں کے لئے اپنے ترقیاتی اہداف حاصل کرنا مشکل ہو چکا ہے۔ حکومتوں کے مالی وسائل پر دباؤ بڑھ رہا ہے اور وہ یہ بوجھ عام شہریوں پر منتقل کرتی چلی جا رہی ہیں۔ معاشی مشکلات جب طویل عرصے تک برقرار رہیں تو بے روزگاری، مایوسی اور ذہنی دباؤ میں بھی اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے یہاں تک کہ بعض افراد خودکشی جیسے اقدام پر تیار ہو جاتے ہیں۔ عالمی طاقتوں اور فیصلہ سازوں کو سمجھنا ہوگا کہ محض طاقت کے استعمال، پابندیوں اور سیاسی مفادات کی بنیاد پر مسائل کا مستقل حل ممکن نہیں۔ جنگیں شروع کرنے یا تنازعات کو طول دینے کے بجائے ان کے اسباب دور کرنے، سفارت کاری کو موثر بنانے اور انسانی جانوں کے تحفظ کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے۔ جبکہ معاشی پالیسیوں میں انصاف، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور کمزور طبقات کے تحفظ کو مرکزی حیثیت ملنی چاہئے۔ دنیا میں پائیدار امن اسی صورت ممکن ہے جب بین الاقوامی تعلقات میں انصاف، ریاستوں کی خودمختاری، انسانی حقوق اور باہمی احترام کو عملی طور پر تسلیم کیا جائے۔ عالمی قیادت نے اگر عوام کی بڑھتی ہوئی محرومیوں اور اضطراب کو نظر انداز کیا تو معاشی بے چینی مزید گہری ہو سکتی ہے۔



تحریر

ظہیر الدین

دنیا کی آسائش یا آخرت کی عظمت: انتخاب مسلمات کے مختلف کا امتحان ہے

گزشتہ آیات میں خدا وند احزاب کی سخت آزمائش، اہل ایمان کی ثابت قدمی اور ان کی نصرت کا ذکر تھا۔ اب قرآن میدان جنگ سے رسول اللہ ﷺ کے گھر کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ بظاہر موضوع بدل گیا ہے، مگر حقیقت میں دونوں کا مرکزی سبق ایک ہے: ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ انسان اپنی خواہشات اور کمزوریوں پر اللہ کی رضا کو مقدم رکھے۔ میدان جنگ میں یہ امتحان جان و مال کی قربانی سے متعلق تھا، جبکہ گھر کے اندر دنیاوی آسائش اور اعلیٰ دینی ذمہ داریوں کے درمیان انتخاب میں سامنے آیا۔

مدینہ میں مسلمانوں کے حالات بتدریج بدل رہے تھے۔ ہجرت کے ابتدائی برسوں کی تنگ دستی، مسلسل خطرات اور اجتماعی ذمہ داریوں کے درمیان رسول اللہ ﷺ کے گھر میں نہایت سادہ زندگی گزرتی تھی۔ صحیح احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ازواج مطہرات نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مختلف معاشی ضروریات اور اخراجات میں اضافے کی خواہش ظاہر فرماتی۔ یہ خواہش بذات خود ناجائز نہیں تھی؛ انسان کے لیے مناسب خوراک، لباس اور آرام کی طلب فطری ہے۔ لیکن رسول اللہ ﷺ کے گھر کی حیثیت عام گھروں سے مختلف تھی۔ یہ گھر امت کی تربیت، نبوی کردار اور دینی رہنمائی کا مرکز تھا۔ اسی لیے منفرد میں آیات تخییر نازل ہوئیں۔ (آیت 28)

رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا گیا کہ آپ اپنی ازواج مطہرات کے سامنے دو راستے واضح فرمائیں۔ اگر وہ دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہیں تو انہیں مناسب مالی فائدہ دے کر عزت و شائستگی کے ساتھ رخصت کر دیا جائے؛ اور اگر وہ اللہ، اس کے رسول ﷺ اور آخرت کے گھر کو ترجیح دیتی ہیں تو اللہ نے ان کے لیے عظیم اجر تیار کر رکھا ہے۔ (آیات 28تا29)

یہاں «أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا» کے الفاظ خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ قرآن نے تعلیحدگی کے امکان کو بھی عزت، حق کی ادائیگی اور حسن سلوک کے ساتھ جوڑا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اختلاف یا جدائی کی صورت میں بھی انسانی وقار ختم نہیں ہو جاتا۔ اسلامی خاندانی اخلاق کا تقاضا یہ ہے کہ تعلق برقرار رہے تو معروف کے ساتھ، اور جدائی بھی جائز وجہ سے ختم ہو تو ظلم، تحقیر اور انتقام کے بغیر۔

یہ آیات دنیائی بڑائیوں کو حرام یا حقیر قرار نہیں دیتیں۔ قرآن خود دوسری جگہ زینت اور پاکیزہ رزق کو اللہ کی مطاقرار دیتا ہے۔ یہاں پیش نظر اولویات کا بیان ہے: جب دنیا کی خواہش اور کسی عظیم دینی ذمہ داری کے تقاضے میں ٹکراؤ پیدا ہو جائے تو انسان کس چیز کو مقدم رکھتا ہے؟

سیرت نبوی سے یہ بات مسلسل معلوم ہوتی ہے کہ آپ ﷺ نے اپنے گھر کو کبھی بھی ذاتی عیش و آرام کی جگہ نہیں سمجھا۔ ازواج مطہرات کے سامنے یہ اختیار رکھنا بھی اسی تربیت کا حصہ تھا تاکہ وہ بھی اس حقیقت کو سمجھ لیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے یہ اختیار پیش کیا تو انہوں نے اپنے والدین سے مشورہ نہیں کیا، بلکہ فوراً فرمایا کہ جواب میں وہ بھی وہی کہتیں جو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ کیا میں آپ ﷺ کے معاملے میں اپنے والدین سے مشورہ کروں گی؟ میں اللہ، اس کے رسول ﷺ اور آخرت کے گھر کو اختیار کرتی ہوں۔ صحیح مسلم کی روایت کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے یہ اختیار پیش کرنے سے پہلے انہیں یہ تلقین فرمائی کہ جلدی نہ کریں، اپنے والدین سے مشورہ کر لیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ میں آپ ﷺ کے معاملے میں اپنے والدین سے مشورہ کروں گی؟ میں اللہ، اس کے رسول ﷺ اور آخرت کے گھر کو اختیار کرتی ہوں۔ رضی اللہ عنہن کی روایت کے مطابق اختیار واضح کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے لیے غور و مشورے کے گنجائش تھی بھی، اور ازواج مطہرات نے دنیاوی آسائش کے مقابلے میں رفاقت اور علم الٰہی کے مطابق اختیار واضح کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے لیے غور و مشورے کے گنجائش تھی بھی، اور ازواج مطہرات نے دنیاوی آسائش کے مقابلے میں رفاقت اور علم الٰہی کے مطابق اختیار واضح کیا۔ حضرت ابن کثیر کے مطابق اس کا مطلب یہ تھا کہ انہوں نے اللہ کی اطاعت کو ترجیح دی۔ یہ انتخاب ان کے ایمان، بصیرت اور طبعی کردار کی روشن مثال ہے۔

اس کے بعد ازواج مطہرات نبی اللہ صلعم کی پوری زندگی میں اس واقعے کی اہمیت کو ان کے بلند مقام کے ساتھ غیر معمولی احتیاط بھی ضروری ہے۔ اس واقعے کو بنیاد بنا کر ہر عورت کے لیے ازواج مطہرات کا مقام طلب کرنا یا ہر اختلاف کو سوء ادب قرار دینا درست نہیں۔ ٹھہرایا جا سکتا کہ ہر عورت کی سزا اور جزا اس کے اپنے مرتبے کے مطابق ہوتی ہے۔ یہ انتخاب ان کے ایمان، بصیرت اور طبعی کردار کی روشن مثال ہے۔

یہاں ایک اہم احتیاط بھی ضروری ہے۔ اس واقعے کو بنیاد بنا کر ہر عورت کے لیے اختلاف یا اختیار کرنے میں ہر معاملے کو شوہر کے مقابل کھڑا کر دینا درست نہیں ہے۔ ہر عورت کی ذمہ داری کے مطابق ہوتی ہے۔ یہ انتخاب ان کے ایمان، بصیرت اور طبعی کردار کی روشن مثال ہے۔

اس کے بعد ازواج مطہرات نبی اللہ صلعم کو ان کے بلند مقام کے ساتھ غیر معمولی اخلاقی ذمہ داری بھی پیدا کر دیتی ہے۔ فرمایا گیا ہے جس میں خواہشات کو محکم، قناعت اور باعفی حوصلہ کے ساتھ جواب دی جائے۔ (آیت 30)

سورۃ الاحزاب، آیات 28تا30، رکوع 4، حصہ اول

سلسلہ قرآن کا فرمان سورۃ الاحزاب، آیات 28 تا34

آج کے معاشرے میں اس واقعے کا اصل پیغام یہ ہے کہ گھر کی کامیابی صرف آسائشوں، بڑے مکان، مہنگے لباس اور ظاہری معیار زندگی سے نہیں ناپی جا سکتی۔ یہ چیزیں جائز حد تک موجود ہوں تعجب نہیں لیکن اگر ان کی وجہ سے آخرت، سکون، دیانت اور دینی اقدار کو نقصان پہنچانے لگے تو ترجیحات پر نظرثانی ضروری ہو جاتی ہے۔ خوش حال گھر وہ نہیں جس میں ہر خواہش پوری ہو جائے، بلکہ وہ جس میں ہر خواہش کو محکم، قناعت اور باعفی حوصلہ کے ساتھ جواب دی جائے۔


اس کے رسول ﷺ اور آخرت کے گھر کو اختیار کرتی ہوں۔ دیگر ازواج مطہرات نبی اللہ صلعم نے بھی یہی انتخاب فرمایا۔

اس واقعے میں تربیتی پہلو بھی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فیصلہ زبردستی مسلط نہیں فرمایا بلکہ علم الٰہی کے مطابق اختیار واضح کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے لیے غور و مشورے کے گنجائش تھی بھی، اور ازواج مطہرات نے دنیاوی آسائش کے مقابلے میں رفاقت اور علم الٰہی کو ترجیح دی۔ یہ انتخاب ان کے ایمان، بصیرت اور طبعی کردار کی روشن مثال ہے۔

اس کے بعد ازواج مطہرات نبی اللہ صلعم کو ان کے بلند مقام کے ساتھ غیر معمولی اخلاقی ذمہ داری بھی پیدا کر دیتی ہے۔ فرمایا گیا ہے جس میں خواہشات کو محکم، قناعت اور باعفی حوصلہ کے ساتھ جواب دی جائے۔ (آیت 30)

سورۃ الاحزاب، آیات 28تا30، رکوع 4، حصہ اول

24 اکتوبر: تاسیسِ آزاد کشمیر اور جذبۂ حریت کی لافانی داستان



صدا بصحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

قوموں کی سرفرازی اور آزادی کی تاریخ میں کچھ ایام محض تقویم کا ہندسہ نہیں ہوتے، بلکہ وہ لمحوں کے شعور، بالیدگی اور عزم مجسم کی علامت بن جاتے ہیں۔ 24 اکتوبر کا دن بھی تاریخ ماہم میں ایک ایسی تابناک اور رنگ میل کی حیثیت رکھتے والا دن ہے، جب اہل کشمیر غلامی و جبر کے اندھیروں میں امید کے دیپ جلا کر آزادی کی منزل کے پہلے پڑاؤ پر خیمہ زن ہوئے تھے۔ آج سے سات دہائیاں قبل 24 اکتوبر 1947ء کو نوزائیدہ مملکت سردار محمد ابراہیم خان کی قیادت میں آزاد جموں وکشمیر کی انقلابی حکومت کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ ایک ایسی حکومت جس کی بنیاد ہی وحدت اور مقصد اولیٰ یہی پے درپے پایا گیا یہ خطہ مسلسل استقامت کے ساتھ "تحریک آزادیٔ کشمیر" میں کیمپ" ثابت ہوگا۔

یہ تاریخی یکجہتی رفت کسی حادثے کا نتیجہ نہیں تھی، بلکہ یہ اس جدوجہد مسلسل کا قدرتی ثمر تھی جس کا باقاعدہ آغاز 19 جولائی 1947ء کو سردار ابراہیم کے گھر ممکن مدینہ تاریخی اجلاس میں ہوا تھا۔ اس اجلاس میں واضح کیا گیا تھا کہ جموں کے بعد شمالی علاقہ جات، ریاست میں 80 فیصد مسلمان آبادی کی جدوجہدِ آزادی اور پاکستان کے ساتھ سیاسی، مذہبی، ثقافتی، معاشی و معاشرتی رشتوں کا تقاضا ہے کہ مہاراجہ ہری سنگھ ریاست کا الحاق پاکستان سے کرے۔ لیکن جب حاکم وقت کے ناصحانہ اور خیرخواہانہ مشوروں کو ٹھکرا کر مکاری کا راستہ اختیار کیا، تو حریت پسند کشمیریوں نے علم جہاد بلند کر دیا۔ جس کے نتیجے میں 5,000 مربع میل سے زائد کا علاقہ آزاد کشمیر سے آزاد کرا لیا گیا۔

اسی حریت اور جہاد کو منظم سیاسی، انتظامی اور عدالتی توانائی فراہم کرنے کے لیے 24 اکتوبر کو حکومت کی تشکیل عمل میں آئی۔ حکومت وجود میں آنے کے بعد پورے ریاست کے سیاسی و انتظامی ڈھانچے کی تشکیل کی گئی۔ آج اس دور کے بہت سے عینی گواہ ہمارے درمیان موجود نہیں، مگر ان کی روح اور آواز آج بھی چٹان کی طرح مضبوط ہے۔ وادی کی گلیوں اور بھارتی قید خانوں کی دیواروں سے آج بھی یہی نعرہ گونجتا ہے:

"ہم کیا چاہتے؟ ...آزادی!"

اب وقت آگیا ہے کہ آزاد کشمیر کی حکومت اور قیادت کو محض روایتی تقریبات سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات، ابلاغ اور میڈیا محاذ پر متحرک کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس دیدہ ہجر میں کشمیریوں کا مقدمہ لڑنے کے لیے موثر ثالثی لانی قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ اقوام متحدہ، او آئی سی، یورپی یونین، کامن ویلتھ اور مغربی دنیا میں ہر سطح پر کشمیر کا سفیر مقرر کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے سفارت کاروں کو مؤثر ثالثی لابنگ کرنی ہوگی

1

خان، چودری قاسم محمود، سید بلال علی نقوی، سردار نثار عباسی، سردارخیال اکبر، ملک فضل اقبال، فرزانہ یعقوب، زوبیہ خورشید، راجہ ناصر، عبدالرزاق چھچھ، وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے ترقیم و ویزہ امور راجہ عظیم، سابق وزیر اعظم اختر رسول، سردار عابد حسین، سابق ایم این اے راجہ سکندر زمان، سردار عابد حسین، سابق ایم این اے راجہ ظہیر خان، ملک نوید اعوان، سابق ایم این اے ملک عامر ڈوگر خان اور دیگر شامل تھے۔

مہمان اسمبلی حاضر فنڈز اور دیگر مالی معاملات کی جانچ کرے گی

اجلاس کی دعوت پر بانی پی ٹی آئی کے بہنوئی اور سابق وزیر اعلیٰ پرویز خٹک، سابق وزیر اعلیٰ محمود خان، سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور، سابق وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی، سابق وزیر اعلیٰ شوکت یوسفزئی، سابق وزیر اعلیٰ اسد قیصر، سابق وزیر اعلیٰ عاطف خان، سابق وزیر اعلیٰ شہرام ترکئی، سابق وزیر اعلیٰ محمود خان، سابق وزیر اعلیٰ محمود خان، سابق وزیر اعلیٰ محمود خان

وطن وائس
روزنامہ WATON VOICE Digital
روزنامہ وطن وائس اوورسیز ٹیم
Pakistan Journalists Forum-KSA

امیر محمد خان — رپورٹ ایڈیٹر بحرین
الیاس رحیم — ریذیڈنٹ ایڈیٹر سعودی عرب
ایم ایم عالم — ریذیڈنٹ ایڈیٹر برطانیہ
نواز مجید — ریذیڈنٹ ایڈیٹر یورپ

جدہ: IKCO وفد کی قومی قونصل جنرل سے ملاقات، کشمیر کاز کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے پر تبادلہ خیال

پیئر میں انجینئر محمد عارف مغل کی قیادت میں وفد کی سید مصطفیٰ ربانی اور فرینہ ارشد سے ملاقات، تنظیم کی خدمات پر تفصیلی بریفنگ، وفد نے سعودی عرب میں ممتاز کشمیری رہنماؤں، آزاد کشمیر کے سابق وزرائے اعظم اور صدور کی میزبانی اور اہم ایام منانے کی تفصیلات پیش کیں

اولاً ئی سی سی سکاٹ کشمیر پر قرارداد، سابق سیکرٹری جنرل کے دورہ پاکستان و آزاد کشمیر اور عالمی سطح پر آگاہی کی کوششوں کا ذکر، قونصل جنرل نے کشمیریوں کے بنیادی حقوق کی حمایت کا اعادہ کیا، ڈپٹی قونصل جنرل نے مغارق و روابط اور مسربوط عالمی کوششوں پر زور دیا

جدہ (نمائندہ خصوصی) جدہ میں رہے کشمیریوں کی تنظیم کشمیر کاز کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے پر چار طرفہ پالیسی اور پیرز قونصل جنرل سے جدہ قونصلیٹ میں ملاقات، کشمیر کمیونٹی اور پیرز سید مصطفیٰ ربانی اور ڈپٹی قونصل جنرل سے جدہ قونصلیٹ میں ملاقات، کشمیر کاز کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے پر تبادلہ خیال، سعودی عرب، جموں و کشمیر کمیونٹی اور پیرز سید مصطفیٰ ربانی اور ڈپٹی قونصل جنرل سے جدہ



اردن: چرچ کے اندر فائرنگ سے 7 افراد ہلاک

حملہ آوروں میں سے ایک کے پاس اے کے۔47 کا نشوکت تھی حملے میں 10 افراد زخمی ہوئے جن میں سے متعدد کی حالت تشویش ناک



اردن (مانیٹرنگ ڈیسک) اردن کے صوبے کرک میں چرچ کے اندر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 7 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں اداروں کے مطابق اردن کی پبلک سیکیورٹی ایجنسی نے بتایا کہ دارالحکومت عمان کے جنوب میں واقع صوبے کرک میں مسلح افراد نے چرچ کے اندر فائرنگ کرکے 7 افراد کو ہلاک کر دیا اور واقعے میں مزید 10 افراد زخمی ہو گئے ہیں، جن میں سے چند کی حالت تشویش ناک ہے۔ رپاتی ٹی (باقی صفحہ 3 نمبر 2 1)

سابق ہاکی چیمپئن اور چیف سلیکٹر سمیع اللہ خان نے عمرے کی سعادت حاصل کر لی

قومی ہاکی کے زوال پر قابو پانے کیلئے مسلسل محنت، وقت اور درست حکمت عملی کو ناگزیر قرار دیا



جدہ (نمائندہ خصوصی) سابق ہاکی چیمپئن اور چیف سلیکٹر سمیع اللہ خان مکہ مکرمہ پہنچ کے عمرہ ادا کرنے کے بعد میں منورہ میں روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری دی اور نوافل ادا کیے۔ نماز جمعہ مسجد نبوی میں ادا کی اور ہاکی کے فروغ اور ملک کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کیں، پیغام دیا ہے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے اور نیشنل کی تکمیل کیلئے عمرہ پرمیٹ کرنے کا عزم ظاہر کیا، قومی ہاکی کی اصلی ہوئی عظمت کی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

یمن کشتی واقعہ میں تمام 14 بھارتی شہری محفوظ ہیں، بھارتی مشن کی تصدیق

معدن (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی مشن نے کہا ہے کہ یمن میں موجود تمام 14 بھارتی شہری محفوظ ہیں اور اطلاعات کے مطابق وہ بندرگاہی شہر عدن کے آس پاس موجود ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں بھارتی مشن نے کہا کہ وزارت خارجہ کو ٹیگ کرتے ہوئے بتایا کہ متعلقہ شہریوں کی تیزیت یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

افغانستان: 58 بچوں کا باپ خاندان کا پیٹ بھرنے کیلئے پریشان

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغانستان کے صوبہ بدخشاں سے تعلق رکھنے والے محمد صادق کی کہانی ملک میں جاری غربت اور بڑھتے ہوئے قدرتی بحران کی عکاسی کرتی ہے۔ محمد صادق کی چار بیویوں سے 58 بچے زندہ ہیں جبکہ مجموعی طور پر وہ 70 سے زائد بچوں کا باپ ہیں۔ ان کا سب سے چھوٹا بچہ محض سال بھر کی عمر میں پیدا ہوا ہے۔ محمد صادق کے مطابق اتنے (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

فن لینڈ کا یوکرین کے لیے 36 ویں فوجی امدادی پیکج کا اعلان

فن لینڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) فن لینڈ یوکرین کے لیے اپنا 36 واں فوجی امدادی پیکج تیار کر رہا ہے۔ امداد کی ڈراسی کا فیصلہ 2026 کے آخر تک متوقع ہے۔ فن لینڈ کے وزیراعظم پیٹری اورپو نے 22 اکتوبر کو یہ 500 ملین یورو (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

امریکا کیلئے پاکستان کیساتھ تعلقات قائم رکھنا ضروری ہے، مارکو روبیو

دہشتگردی کیخلاف ہیں، ایران کیساتھ امن معاہدے طے پانا انتہائی مشکل ہے، کانگرس



واشنگٹن (پیتنیوز) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ طے کرنا انتہائی مشکل ہے۔ امریکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے خبردار کیا کہ جب تک تہران آبنائے ہرمز میں 80 فیصد سے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

جنوبی افریقا، تیراکی کے دوران شارک کا حملہ، خاتون ہلاک

بلدیاتی حکام نے نوتبتی ساحل بند کر دیا، عوام کو پانی میں اترنے سے گریز کرنے کی ہدایت

پیٹرسبرا (پیتنیوز) جنوبی افریقا کے جنوب مشرقی ساحل پر تیراکی کے دوران شارک کے حملے میں ایک خاتون ہلاک ہوگئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تیتی شاہ بان اور حکام نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ یہ حملہ کوکو بیچ پر ہوا، جسے پہلے ایسٹ لندن کے نام سے جانا جاتا تھا۔ واقعے کے بعد بلدیاتی حکام نے قریبی ساحل بند (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

یوکرین کے لیے جنگ ختم کرنے کا وقت آ گیا، ڈونلڈ ٹرمپ

یوکرین کو بہت کچھ دیا لیکن ہمیں کچھ حاصل نہیں ہوا



واشنگٹن (پیتنیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ یوکرین کے لیے جنگ ختم کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ یوکرین کو بہت کچھ دیا لیکن ہمیں کچھ حاصل نہیں ہوا۔ امریکی ٹی وی کے مطابق اوول آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کو بھی سمجھتا ہوں کہ وہ جنگ کے خاتمے کے لیے معاہدہ کرے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ زیلنسکی کوئی سمجھوتہ کریں، ہم نے یوکرین کو بہت کچھ دیا لیکن بدلے (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

سوڈان میں بازار پر ڈرون حملہ، 53 افراد ہلاک

حملے کے دوران فوج نے 22 روہنگیا مسلمانوں کو یرغمال بنا کر ہلاک کر دیا، عینی شاہدین

خرطوم (پیتنیوز) سوڈان کی فوج پر متنازع سرحدی علاقے الفشر میں ایک بازار پر ڈرون حملہ کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں عام شہریوں کی ہلاکت ہوئی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اتوار کے روز ہونے والے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

سعودی وزیر خارجہ کا کویتی ہم منصب سے ٹیلی فونک رابطہ

باہمی برادرانہ تعلقات اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا



ریاض (پیتنیوز) سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کویت کے ہم منصب شیخ جراح الاحمد الصباح سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور دونوں ملکوں کے قریبی برادرانہ تعلقات کا جائزہ اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق رابطے کے دوران وزیر خارجہ نے مشرقی میڈیٹرینین کی جانب سے مملکت کے شہری ہواؤں کو مسلسل نشانہ بنائے جانے کی مذمت کی۔ انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

مطیع اللہ کے ایصال ثواب کیلئے تعزیتی اجلاس، صحافتی خدمات کو خراج عقیدت پیش

وفات صحافتی برادری کے لیے ایک بڑا نقصان، خدمات کا اعتراف، مشکل وقت میں اہل خانہ کے ساتھ اظہار یکجہتی

شاہد چوہان، مہوش خان، فرید انصاری، حافظ عمران، کرن خان، وسیم بٹ، رضوان خان، جاوید عظیمی و دیگر کی شرکت

لندن (نمائندہ خصوصی) برٹنی کے معروف پاکستانی صحافی اور اینکر اسے فی زیے کے سینئر جوائنٹ سیکرٹری مصطفیٰ حزام مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف پاکستانی جرنلسٹس (IAPJ) کے زیر اہتمام ایک تعزیتی زوم اجلاس کا اہتمام کیا گیا جس میں مرحوم کی صحافتی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے اور (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

میر پور میں بین الاقوامی معیار کا ایئر پورٹ تعمیر کیا جائے، شفیق شاہ

تارکین وطن کو اسلام آباد، لاہور اور سیالکوٹ کے ایئر پورٹس سے طویل سفر کرنا پڑتا ہے، حکومتیں دیرینہ پورا کریں



میر پور (پیرر پورٹ) معروف سیاسی و سماجی رہنما سید شفیق حسین شاہ بخاری نے کہا ہے کہ میر پور میں بین الاقوامی معیار کا ایئر پورٹ تعمیر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ میر پور تاریخی و ثقافتی طور پر بھی جہاں پاکستان کی بڑی تعداد بیرون ملک مقیم ہے اور اپنے آبائی وطن آنے کے لیے اسلام آباد، لاہور اور سیالکوٹ کے ایئر پورٹس استعمال کرنے پر مجبور ہے۔ ان شہروں سے میر پور تک طویل سفر، اضافی اخراجات اور سرحدی مشکلات کے باعث بالخصوص بزرگوں، خواتین (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

24 اکتوبر کے مشن کی تکمیل ابھی باقی، کشمیری منزل حاصل کر کے رہیں گے، نادم ماہر

غازی ملت کی قیادت میں قائم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر تاریخی جدوجہد کی علامت ہے، 79 سال مکمل ہو گئے



اسلام آباد (وقائع نگار) اسٹطفی رائٹرز فورم کے سربراہ سردار نادم ظفر نے کہا ہے کہ 24 اکتوبر 1947 سے غازی ملت میر سردار محمد ابراہیم خان کی قیادت میں شروع ہونے والا آزاد آج بھی جاری ہے 79 سال مکمل الگ اسمبلی الگ سپریم کورٹ اور دیگر سیاسی اداروں کا قیام تاریخ ساز جدوجہد تاریخی تسلسل غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کے نام ہمارا ہے کی ایک سو سالہ غلامانہ حکومت کا تختہ الٹ کر آبائی انقلابی حکومت کا قیام عمل میں لایا پہلا دارالحکومت بھوجیال (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

24 اکتوبر جدوجہد آزادی، قربانیوں کی یاد دلاتا، شاہین کوثر ڈار

آزاد کشمیر کابوم تاسیس تحریک آزادی کشمیر سے تجدید عہد کا دن، سابق ڈپٹی سپیکر



مظفر آباد (نمائندہ خصوصی) سابق ڈپٹی اسپیکر قانون ساز اسمبلی محترمہ شاہین کوثر ڈار نے آزاد جموں کشمیر کے 79 ویں یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 24 اکتوبر کشمیری قومی تاریخ کا اہم دن ہے، جو ہمیں اپنے اسلاف کی قربانیوں، جدوجہد اور حصول آزادی کے عزم کی یاد دلاتا ہے۔ یوم تاسیس اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

آسٹریلوی ماڈل، جسٹن بیبر کی سابقہ گرل فرینڈ سہارا رے انتقال کر گئیں

سہارا رے نے 2010 کی دہائی کے وسط میں ماڈلنگ کی دنیا میں قدم رکھا



سڈنی (پیتنیوز) آسٹریلوی ماڈل، سوشل میڈیا پرسنیلٹی اور گلوکارہ جسٹن بیبر کی سابقہ گرل فرینڈ سہارا رے 34 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ان کے اٹھان نے موت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ سہارا رے 18 اکتوبر کو اسپتال میں اپنے عزیزوں کی موجودگی میں دنیا سے رخصت ہوئیں۔ سہارا رے نے 2010 کی دہائی کے وسط میں ماڈلنگ کی دنیا میں قدم رکھا، جبکہ 2014 میں اپنا سوشل میڈیا کے مطابق ان کا انتقال کینسر کی وجہ سے ہوا۔ وہ کافی عرصے سے اس مرض میں مبتلا تھیں۔ (باقی صفحہ 4 نمبر)

فنکار اپنے کام سے مطمئن نہیں رہتے، علی عظمت کا اعتراف

فنکاروں کیلئے اپنی صلاحیتوں اور کام پر مکمل اعتماد برقرار رکھنا آسان نہیں ہوتا



کراچی (پیتنیوز) پاکستانی گلوکار علی عظمت کا کہنا ہے کہ فنکاروں کے لیے اپنی صلاحیتوں اور کام پر مکمل اعتماد برقرار رکھنا آسان نہیں ہوتا۔ اسٹرائل یہ رشتہ ہوتا ہے۔ سہارا رے نے 2010 کی دہائی کے وسط میں ماڈلنگ کی دنیا میں قدم رکھا، جبکہ 2014 میں اپنا سوشل میڈیا کے مطابق ان کا انتقال کینسر کی وجہ سے ہوا۔ وہ کافی عرصے سے اس مرض میں مبتلا تھیں۔ (باقی صفحہ 4 نمبر)

وزن گھٹانے کیلئے صرف دوا کافی نہیں، ورزش ضروری ہے، رام پور

رام پور نے 2024 میں اپنے وزن میں نمایاں کمی کر کے سب کو حیران کر دیا تھا



رام پور (پیتنیوز) بھارتی اداکار رام نے 2024 میں اپنے وزن میں نمایاں کمی کر کے سب کو حیران کر دیا تھا۔ ایک تازہ انٹرویو میں انہوں نے اپنے سفر کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ جو افراد وزن کم کرنے کے لیے صرف دوا پر توجہ دیتے ہیں، پوری (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

خواتین نکاح نامہ پڑھے بغیر شادی نہ کریں، وینیزہ احمد


خواتین کو ازدواجی زندگی میں درج شرائط اور اپنے حقوق کے بارے میں سوال کرنے سے شرمانا نہیں چاہیے



کراچی (پیتنیوز) پاکستان کی معروف سابق ہیر ماڈل اور اداکارہ وینیزہ احمد نے خواتین کو شادی سے قبل نکاح نامہ غور سے پڑھنے اور اپنے حقوق سے آگاہ ہونے کی تلقین کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بہت سی خواتین کو نکاح نامے میں درج شرائط کے بارے میں علم ہی نہیں ہوتا اور وہ اس پر سوال کرنے سے ہچکچاتی ہیں، جو درست نہیں۔ (باقی صفحہ 4 نمبر 6)

عائزہ خان اپنے بولڈ انداز کے باعث تنقید کا نشانہ بن گئیں

مغربی طرز کے لباس کے باعث صارفین نے ان کے انداز پر مختلف تبصرے کیے



کراچی (پیتنیوز) حال ہی میں عائزہ خان نے شرمین عبید چنائے کے پروڈکشن ہاؤس پلاند پکچرز کی پاکچیں برس کی مناسبت سے منعقدہ مہمان خصوصی شرکت کی تقریب میں اداکارہ سفید رنگ کے مغربی طرز کے لباس میں نظر آئیں، جس کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر سامنے آنے کے بعد صارفین نے ان کے لباس (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

فنکاروں کی ذہنی کیفیت پر روشنی ڈالی، ان کا کہنا تھا کہ فنکار بعض اوقات اپنی کمیونٹی سے پوری طرح مطمئن نہیں ہوتے اور دوسروں کے رد عمل کے بارے میں سوچتے رہتے ہیں، گلوکار نے بتایا کہ وہ اپنے کام کے حوالے سے اسی وقت زیادہ پُراعتماد محسوس کرتا ہے جب اسے یقین ہو کہ اس کی پیشکش کو لوگ کس نظر سے دیکھیں گے اور اسے کتنی پذیرائی ملے گی۔ ایک عالمی پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے علی عظمت نے

اوورسیز کشمیری ریاست کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، خالد محمود

24 اکتوبر تجدید عہد کا دن، اسلاف کی قربانیوں کو مشعل راہ بنا کر ریاست کی تعمیر و ترقی کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا

تارکین وطن کی سرمایہ کاری اور تجربات سے روزگار کے مواقع پیدا، صنعتی، تجارتی اور سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے



میر پور (پیرر پورٹ) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میر پور کے سینئر نائب صدر راجہ خالد محمود خان نے کہا ہے کہ 24 اکتوبر یوم تاسیس آزاد کشمیر کشمیری قوم کی تاریخ کا اہم ترین، یادگار اور تاریخی دن ہے، یہ دن ہمیں اپنے اسلاف کی عظیم قربانیوں، لازوال جدوجہد، بے مثال عزم و حوصلے اور آزادی منانے کا نام نہیں (باقی صفحہ 4 نمبر 0)

یوم تاسیس آزاد کشمیر قومی تاریخ کا روشن باب ہے، خادم سوایہ

24 اکتوبر اسلاف کی قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے، تحریک آزادی کے مقاصد اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

اختلافات سے بالاتر ہو کر ریاستی مفادات کو مقدم رکھا جائے، نوجوان نسل کو قومی تاریخ سے روشناس کرانا ہوگا

میر پور (پیرر پورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے مرکزی رہنما و معروف سماجی شخصیت خادم سوایہ نے کہا ہے کہ 24 اکتوبر یوم تاسیس آزاد جموں کشمیر ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہے جو کشمیری قوم کے چند بے آوازی، بغیر متزلزل عزم، سیاسی بیداری اور اپنے بنیادی حقوق کے حصول کے لیے دی جانے والی عظیم قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے۔ یہ تاریخی دن ہمیں ان غیور، رہنماؤں، مجاہدین اور عوام کی جدوجہد سے (باقی صفحہ 4 نمبر 1)



مظفر آباد ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق دارالحکومت سے شٹ کیے گئے خیرآباد فانی اڈے دوبارہ بحال ہو شروع ہو گئے

وزیر تعلیم کا اساتذہ کی تنخواہوں میں اضافے کا اعلان



وزیر تعلیم اساتذہ کی تنخواہوں میں اضافے کا اعلان کر رہے ہیں

وطن وائس
روزنامہ
Daily WATON VOICE Digital
www.dailywatonvoice.com
Email:watonvoicedigital@gmail.com Cell: +92317-5526830
ایڈیٹر ڈائریکٹر: چوہدری معروف سین

ضرورت نمائندگان

روزنامہ "وطن وائس ڈیجیٹل" کی صحافتی ٹیم کو مزید مضبوط اور موثر بنانے کے لیے برطانیہ، یورپ، مڈل ایسٹ، پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کے تمام بڑے اور چھوٹے شہروں سے متحرک اور باصلاحیت نوجوان صحافی نمائندگان درکار ہیں۔

اگر آپ صحافت سے دلچسپی رکھتے ہیں، اپنے علاقے کے مسائل، عوامی سرگرمیوں اور اہم واقعات کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں تو یہ آپ کے لیے ایک بہترین موقع ہے۔

مطلوبہ خصوصیات:
- متعلقہ علاقے اور عوامی مسائل سے آگاہی
- خبر نویسی اور رپورٹنگ میں دلچسپی
- سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل ذرائع کے استعمال کی بنیادی مہارت
- ذمہ داری، دیانت داری اور پیشہ وارانہ رویہ

خواہشمند افراد اپنی مختصر معلومات، تصویر اور رابطہ تفصیلات کے ساتھ درخواست ارسال کریں

روزنامہ وطن وائس

نوٹ: نمائندگی صرف اعزازی بنیاد پر ہوگی

رابطہ نمبر: +92 317 5526830